عرفان شریعت
کامل سہ حصص
مؤلفہ مجدد مایتہ حاضرہ حضرت شاہ احمد رضا خان صاحب بریلوی قدس سرہ
سُنّی دارالاشاعت علویہ رضویہ
ڈجکوٹ روڈ
لائل پور

مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ

الحمد لله

کہ مجموعہ مبارکہ جامع مسائل ضروریہ حادی احکام شرعیہ معدن نکات لطیفہ

مخزن اسرار عجیبہ

یعنی

بعض فتاوے حضور پرنور اعلحضرت مجدد مأتہ حاضرہ رضی اللہ تعالے عنہ

مسمّٰی بہ

عرفان شریعت

حصہ اول و دوم و سوم

جنکو مولوی محمد عرفان علی صاحب قادری رضوی بیسلپوری نے جمع کیا

الناشر: سنی دار الاشاعت علویہ رضویہ ڈجکوٹ ضلع لائلپور

قیمت ۲/۵۰

فاصلے پر نکل جانے سے گنہگار نہ ہوگا۔

الجواب: مکان یا چھوٹی مسجد میں دیوار قبلہ تک بغیر آڑ کے نکلنا حرام ہے اور جنگل یا بڑی مسجد میں دو گز کے فاصلہ کے بعد نکلنا جائز ہے ۴۷۔ ۴۸ گز مساحت کی جو مسجد ہو وہ بڑی مسجد ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۳۹: اگر بلی یا کتا وغیرہ آدمی کی چیزوں کا نقصان کرتے ہوں یا کاٹ کھاتے ہوں تو ان کا مار ڈالنا درست ہے یا نہیں۔

الجواب: کاٹتے ہوں تو قتل درست ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۴۰: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی فاتحہ ڈھک کر دینا چاہیئے یا کھول کر۔

الجواب: دونوں طرح درست ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۴۱: ہندو قصاب کے ہاتھ کا گوشت کھانا جائز ہے یا نہیں

الجواب: حرام ہے مگر اس صورت میں کہ مسلمان نے ذبح کیا اور مسلمان کی نگاہ سے غائب ہونے سے پہلے اس مسلمان خواہ دوسرے نے اس میں سے لیا تو جائز ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۴۲: نماز میں سنت ترک کرنے سے سجدہ سہو ہوگا یا نہیں

الجواب: سجدۂ سہو صرف ترک واجب سے ہے ترک سنت سے نہیں ہاں نماز مکروہ ہوگی اور پھیرنا بہتر ہے اور بلا وجہ شرعی ترک سنت کی عادت کرے گا تو گنہگار ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ ۴۳: ان پانچ روزوں میں جو روزہ رکھنا منع ہے یعنی ایک خاص عید الفطر اور چار عید الاضحیٰ کے تو اسکی کیا وجہ ہے۔

الجواب: یہ دن اللہ عزوجل کی طرف سے بندوں کی دعوت کے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۴۴: اس میں کیا حکمت ہے کہ فرضوں میں دو رکعت خالی اور دو رکعت بھری پڑھی جاتی ہیں اور سنت اور نفلوں میں چاروں بھری۔

الجواب: نماز میں صرف دو ہی رکعتوں میں تلاوت قرآن مجید ضرور ہے۔ سنت و نفل کی ہر دو رکعت جداگانہ ہیں لہذا ہر دو رکعت میں قراءت لازم ہوکر چاروں بھری ہوگئیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۴۵: حقہ پینا، افیون کھانا یا کوئی دوسری نشے والی چیز کھانا جائز ہے یا نہیں۔

نماز میں آگے سے گذرنے کا مسئلہ

کاٹنے والے بلی کتے کا حکم

خاتون جنت کی فاتحہ

ہندو قصاب کا گوشت

ترک سنت اور سجدہ سہو

عیدین وغیرہ کے روزہ رکھنے کی ممانعت کی وجہ

فرض نماز اور قراءت

الجواب: افیون وغیرہ کوئی نشے کی چیز کھانا پینا مطلقاً حرام ہے۔ حقہ کا دم لگانا جس سے حواس میں خلل آجائے جیسا بعض جاہل رمضان شریف میں کرتے ہیں حرام ہے۔ بغیر اس کے حقہ مباح ہے۔ ہاں بودار کثیف ہو تو خلاف اولیٰ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۴۶: مسجد میں مٹی کا تیل جلانا چاہیئے یا نہیں

الجواب: بو کی وجہ سے حرام ہے اگر ایسی ترکیب کریں کہ اس میں بو اصلاً نہ رہے تو جائز ہے واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ ۴۷: کسی چیز کی مورت اگر جیب میں رکھے تو نماز درست ہوگی یا نہیں

الجواب: نماز درست ہوگی مگر یہ فعل مکروہ و ناپسندیدہ ہے جبکہ کوئی ضرورت نہ ہو روپیہ اشرفی میں ضرورت ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ ۴۸: عورت کے ہاتھ کا ذبیحہ جائز ہے یا نہیں۔

الجواب: مسلمان عورت کے ہاتھ کا ذبیحہ جائز ہے جب کہ وہ ذبح کرنا جانتی ہو اور ٹھیک ذبح کرے واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۴۹: وہابی الحمد شریف کے بعد آمین کیوں جہر سے پڑھتے ہیں۔

الجواب: ان کا مقصود صرف مسلمانوں کی مخالفت ظاہر کر کے اپنا ایک گروہ جدا قائم کرنا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۵۰: علاوہ چاقو چھری کے کسی دوسرے اوزار سے ذبح کرنا جائز ہے یا نہیں۔

الجواب: جائز ہے جب کہ وہ دھار دار اور تیز ہو اور جانور کو زیادہ آزار نہ پہنچے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۵۱: زید نے کچھ روپے قرض واسطے تجارت عمرو کو دیے اور آپس میں یہ ٹھہرا لیا کہ علاوہ قرض کے روپیوں کے جس قدر منافع تجارت میں ہو اس میں سے نصف ہمارا اور نصف تمہارا تو یہ سود ہوا یا نہیں۔

الجواب: یہ سود اور حرام قطعی ہے۔ ہاں اگر روپیہ اسے قرض نہ دے بلکہ تجارت کے واسطے دے کہ روپیہ میرا اور محنت تیری اور منافع نصفا نصف تو یہ جائز ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۵۲: عقیقہ اور قربانی کی ہڈی توڑنا چاہیئے یا نہیں۔